DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

قائد اعظم ٹرافی فرسٹ الیون، آٹھویں راؤنڈ کے پہلے دن کا کھیل مکمل

کراچی،14دسمبر2020ء:

یوبی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلے جانےوالے میچ میں خیبر پختونخواہ نے سدرن پنجاب کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور پہلے روز کھیل کے اختتام پر تین وکٹوں کے نقصان پر 296 رنز بنا لیے ہیں۔ پہلے روز کھیل کی خاص بات کامران غلام کی سنچری ہے وہ 145 رنز پر ناٹ آؤٹ ہیں انہوں نے 249 گیندوں کا سامنا کیاہے جبکہ ان کی اننگز میں 19 چوکے اور ایک چھکا شامل ہے کامران غلام کے ساتھ دوسرے ناٹ آؤٹ بیٹسمین عادل امین ہیں جنہوں نے 76 رنز بنا رکھے ہیں اسرار اللہ 49, فخر زمان 15 اور مصدق احمد صفر پر آؤٹ ہوئے سدرن پنجاب کی جانب سے عامر یامین ، سلمان علی آغا اور زاہد محمود نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم میں کھیلے جانےوالے میچ میں سنٹرل پنجاب نے بلوچستان کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور علی زریاب کی سیزن میں پہلی سنچری کی بدولت پہلے روز کھیل کے اختتام پر 90 اوورز میں چھ وکٹوں کے نقصان پر 297 رنز بنا لیے ہیں علی زریاب نے 178 گیندوں پر 117رنز بنائے ان کی اننگز میں 18 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا محمد اخلاق 19, عثمان صلاح الدین 73 , محمد سعد 45, سعد نسیم 4 اور قاسم اکرم 7 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے ۔ علی شان 28 اور بلاول اقبال ایک رن کے ساتھ دوسرے روز کھیل کا آغاز کریں گے بلوچستان کی جانب سے جلات خان نے92 رنز دے کر تین وکٹیں حاصل کیں رضا الحسن نے دو اور گوہر فیض نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے میچ میں ناردرن نے سندھ کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور 68.2 اوورز کے کھیل میں 203 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی پہلے روز کھیل کے اختتام پر سندھ نے ایک وکٹ کے نقصان پر 40 رنز بنالیےہیں۔ عمیر بن یوسف کو تین رنز پر وقاص احمد نے آؤٹ کیا شرجیل خان 32 اور عزیز اللہ دو رنز کے ساتھ دوسرے روز کھیل کا آغاز کریں گے اس سے قبل ناردرن کی 203 رنز کی اننگز میں محمد نواز 79 اور جمال انور 51 رنز بنا کر نمایاں بیٹسمین رہے سندھ کی جانب سے عزیز اللہ ، میر حمزہ اور شاہنواز دھانی نے تین تین وکٹیں حاصل کیں۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

ABOUT QUAID-E-AZAM TROPHY 2020-21:

- *31 matches to be played on a double-league basis with each side guaranteed a minimum of 10 first-class matches. For schedule, click here*
- *The event will be played under Covid-19 protocols at four venues in Karachi, namely National Stadium, National Bank of Pakistan Sports Complex, State Bank Stadium and UBL Sports Complex.*
- *Central Punjab will defend the title they won in 2019-20 after beating Northern by an innings and 16 runs in the final at National Stadium, Karachi. Other four sides are Balochistan, Khyber Pakhtunkhwa, Sindh and Southern Punjab*
- *The event will take a break after three rounds and will resume from 20 November following the conclusion of the remaining four HBL Pakistan Super League 2020 matches, which were postponed on 17 March due to Covid-19 pandemic.*
- *The winner of the tournament will receive PKR10million while the runner-up will collect PKR5million*
- *PKR500,000 will be handed out to tournament's top-performers and the player of the final will get PKR50,000*
- *Players to earn PKR60,000, per match the double-league format provides a high-performing player to earn, at least, PKR600,000. This is part of the PCB's strategy and commitment to enhance earning opportunities as well as to reward high-performing cricketers. Click here to read more*

As part of the US$200million agreement with PTV Sports and I-Media Communications Services, the event will be produced by the PCB and broadcasted live on PTV Sports. Click here, to read more about the three-year agreement

National Team Partners